Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

03نومبر 2023

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

چیئرمین عمران خان پر قاتلانہ حملے کو ایک سال مکمل ہونے کے باوجود سازش کی تحقیقات اور قاتلوں کے سراغ میں ناکامی مجرموں کو بچانے کی شرمناک کوشش قرار

- 3نومبر 2022 ملکی سیاسی تاریخ کے ان تاریک ابواب میں سے ایک ہے جن پر ریاست ہمیشہ شرمسار رہے گی۔
- اس روز ملک کے مقبول ترین سیاسی رہنما اور سابق وزیراعظم کو دن دیہاڑے ہزاروں شہریوں کی موجودگی میں قتل جیسی سفّاکانہ، شرمناک اور شر انگیز سازش کا نشانہ بنایا گیا۔
- عمران خان کے قتل کی سازش ایک شخصیت کا قتل نہیں بلکہ پاکستان کو انتشار اور فساد کے غیر محدود سلسلے میں دھکیلنے کی سازش تھی۔
- اس وقت کے وزیراعظم اور وزیرِ داخلہ سمیت حساس ادارے کے ایک سینئر افسر کی مقدمے میں نامزدگی کو پوری ریاستی طاقت سے روکا گیا اور کبھی ان سے اس سفّاک سازش کے باب میں تحقیق نہیں کی گئی۔
- حملے کے بعد قائم کی جانے والی تحقیقاتی ٹیم کی ہر سطح پر مزاحمت کی گئی اور پولیس اور انتظامی افسران نے کسی قانونی وجوہ کے بغیر ٹیم سے معاونت سے انکار کیا۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- اپنے جسم پر گولیوں کے زخم جھیلنے کے بعد بسترِ علالت سے امن کا نعرہ لگا کر پاکستان کو داخلی عدمِ استحکام، انتشار اور فساد کی آگ میں دھکیلنے کی سازش ناکام بنانے والا قوم کا قائد آج بھی انصاف کیلئے اپنے نظامِ عدل کی جانب دیکھ رہا ہے۔
- قوم 3 نومبر کے اس قاتلانہ حملے، اس میں ملوث کرداروں اور ملک کے خلاف ان کے گھناؤنے اقدام کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

اجلاس میں دستور کی طے شدہ مدّت میں انتخابات کے حوالے سے دائر درخواست کی سپریم کورٹ میں سماعت اور بعد ازاں فیصلے کا بھی جائزہ

- انتخابات کی تاریخ کے تعیّن میں عدالتِ عظمیٰ کے کردار کو ملک میں جمہوریت کی بحالی کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا۔
- عدالتِ عظمیٰ کی مداخلت، کردار اور فیصلہ ملک سے غیر یقینی کی صورتحال پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوگا۔
- اپنا وزن جمہوریت کی بحالی کے پلڑے میں ڈال کر ملک میں انتخابی عمل کے آغاز پر سپریم کورٹ کے مشکور ہیں۔
- انتخابی تاریخ کے تعیّن اور اعلان کے بعد ملک میں انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انعقاد کا چیلنج الیکشن کمیشن کو درپیش ہے۔
- پاکستان تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی، تمام وفاقی اکائیوں میں یکساں طور پر مقبول اور کروڑوں پاکستانیوں کی نمائندہ جماعت ہے۔
- گزشتہ 18 ماہ سے عوام کی اکثریت کی نمائندہ سیاسی جماعت بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے نشانے پر ہے۔

- الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے انتخابات کی تاریخ کے اعلان کے بعد تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے صدر علی امین گنڈاپور کی ہمشیرہ کے گھر پر چھاپہ مار کر ذلّت آمیز ریاستی دہشتگردی کا اشتعال انگیز مظاہرہ کیا گیا۔
- انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انعقاد کیلئے تحریک انصاف کی کسی خوف و رکاوٹ کے بغیر انتخابی عمل میں شرکت ناگیز ہے۔
- انتخابات میں شرکت کی خواہاں تمام سیاسی جماعتوں کیلئے انتخاب لڑنے کے مساوی مواقع صاف شفاف انتخابات کیلئے اساس کی حیثیت رکھتے ہیں۔
- الیکشن کمیشن انتخابی نشان "بلّے" کی فوری فراہمی سمیت تمام زیرِ التواء معاملات پر بلا تاخیر فیصلے کرے اور انتخابات کیلئے لیول پلیئنگ فیلڈ کی دستیابی یقینی بنائے۔
- گزشتہ یا نگران حکومتوں کی جانب سے انتظامی ڈھانچے میں اپنے انتخابی مفاد کے تحت کئے گئے بندوبست کا بھرپور جائزہ لیا جائے اور اسے انتخابات کی شفافیت سے ہم آہنگ بنایا جائے۔
- ڈسکوز کے سربراہان عملاً ماضی کی ایک حکمران جماعت کے امیدوار اور پولنگ ایجنٹس کا روپ دھار چکے ہیں، انہیں ہٹانے یا غیر مؤثر کرنے کا کام بھی الیکشن کمیشن کے ذمے ہے۔
- تحریک انصاف کے خلاف جبر و فسطائیت کے جاری سلسلے کو بند کیا جائے اور چیئرمین عمران خان سمیت ریاستی عتاب کے شکار قائدین اور پابندِ سلاسل ہزاروں کارکنان کو فوری طور پر رہا کرکے انتقام اور سفاکیّت کا سلسلہ بند کیا جائے۔
- گزشتہ 18 ماہ کے دوران مجرمانہ کھلواڑ کے نتیجے میں تباہ ہونے والی معیشت کی بحالی کا سفر بھی آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے سائے میں ہی ممکن ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan

Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

اجلاس میں انتخابات کی تاریخ کے اعلان کے پیشِ نظر انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے مختلف تجاویز پر بھی مفصّل غور کیا گیا

- انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کی چیئرمین عمران خان کی ہدایات کی روشنی میں مرکزی سطح سے مقامی سطح تک تمام تنظیمی ڈھانچوں اور کارکنان کو متحرک کردیا گیا ہے۔
- کارکن انتخابات میں شرکت کیلئے تیاریوں کا باضابطہ آغاز کریں، انتخابات میں بے مثال عوامی تائید اور اللہ کے فضل سے دو تہائی اکثریت اور حقیقی آزادی ہماری منتظر ہے۔
- چیئرمین عمران خان بطور منتخب وزیراعظم ان شاء اللہ ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالیں گے اور پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی ان راہوں پر گامزن کریں گے جن سے اسے سازش اور عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر ہٹایا گیا تھا۔

کور کمیٹی کی جانب سے صحافتی اقدار، اخلاقیات اور پیشہ وارانہ دیانت کے اصولوں سے انحراف کے ذریعے ماورائے آئین و قانون اقدامات میں ریاستی مشینری کی قابلِ مذمت معاونت پر چار اینکرز کے احتجاجاً بائیکاٹ کے فیصلے کا اعادہ

- ان چار اینکرز کے علاوہ کسی ٹی وی چینل کے مِن حیث الادارہ بائیکاٹ نہ کرنے کی پالیسی کا بھی اعادہ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ